ASIAN AMERICAN LEGAL DEFENSE AND EDUCATION FUND
99 HUDSON STREET, 12 FL • NEW YORK. NY 10013 • TEL 212.966.5932 • FAX 212.966.4303 • INFO@AALDEF.ORG

2010 کی مردم شماری
کے بارے میں آپ کو کیا جاننا چاہیے

اگست 2009

- ہر 10 سال پر ایک بار ہونے والی مردم شماری سے ایسا ڈیٹا فراہم ہوتا ہے جو ایشیائی امریکی برادریوں پر اثر انداز ہونے والی وسیع پیمانے کی پالیسیوں کو لاگو کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے، بشمول:
  - سماجی خدمات، جیسے ESL کلاسیں، ملازمت کے لئے تربیت، اور ترجمانی خدمات کے لئے ریاستوں اور برادریوں کو وفاقی فنڈز میں $300 بلّین سے زیادہ رقم مختص کرنا؛
  - تعلیم، ملازمت، نگہداشت صحت، رہائش، امیگریشن، مستعار دینے، اور رائے دہندگی میں دیوانی حقوق کے قوانین کا نفاذ؛
  - دو لسانی بیلیٹوں کی فراہمی؛
  - ریاستوں کو کانگریس کی نشستوں کی تقسیم، اور طبقاتی و نسلی اقلیتوں کی سیاسی نمائندگی کا تعیّن کرنا۔
- مردم شماری میں آپ جو بھی معلومات فراہم کرتے ہیں وہ کلی طور پر خفیہ ہوتی ہے۔ قانونی لحاظ سے آپ کی نجی معلومات کا اشتراک USCIS, ICE, IRS، پولیس، عمارت کے مالکان مکان، یا پڑوسیوں کے ساتھ نہیں کیا جاتا ہے۔
- 2010 کے دہ سالہ مردم شماری کے سوالنامہ میں صرف چند آسان سے سوالات پوچھے جائیں گے – نام، رشتہ، جنس، عمر اور تاریخ پیدائش، نسل، اور آیا مکان آپ کا اپنا ہے یا کرایے کا ہے۔ لیکن مردم شماری کے کچھ دیگر سوالناموں (امریکی کمیونٹی سروے) میں شہریت، آمدنی، وطنیت، اور انگریزی کی استعداد کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ مردم شماری میں امیگریشن کی حیثیت کے بارے میں ہرگز نہیں پوچھا جاتا ہے۔
- فروری اور مارچ 2010 کے درمیان، آپ کو ڈاک میں مردم شماری کا سوالنامہ موصول ہوگا۔ اسے حسب مناسبت درست طریقے سے پُر کریں، اور ڈاک سے واپس بھیج دیں۔ ڈاک خرچ پیش ادا شدہ ہے۔ اگر آپ کو سوالنامہ موصول نہیں ہوتا ہے تو، آپ کئی وفاقی مقامات سے "مردم شماری کروائیں" نامی فارم حاصل کرسکتے ہیں۔
- اپریل اور جولائی 2010 کے درمیان، مردم شماری لینے والے افراد ("شمار کنندگان") آپ کے مضافات میں گھرانوں کے ساتھ مل کر بعد کی کارروائی انجام دینے کے لئے گھر گھر جائیں گے۔ یہ کارروائی درج ذیل پر مشتمل ہوگی:
  - پہلی چیز، مردم شماری لینے والے افراد ان گھروں میں جائیں گے جنہوں نے مردم شماری فارم ڈاک سے واپس نہیں بھیجے ہیں۔ اگر انہیں اس گھرانے میں کسی بھی شخص سے معلومات حاصل نہیں ہو پاتی ہے تو، وہ پڑوس کے گھروں میں جائیں گے۔
  - دوسری چیز، مردم شماری لینے والے افراد ایسے گھروں میں جائیں گے جنہوں نے فارم واپس ضرور بھیجے ہیں تاکہ یہ تصدیق ہوجائے کہ اسے درست طریقے سے مکمل کیا گیا تھا۔
  - تیسری چیز، مردم شماری لینے والے افراد مضافاتی مقامات سے "مردم شماری کروائیں" نامی فارم پُر کرنے والے افراد کے ذریعہ فراہم کردہ معلومات کی توثیق کریں گے۔
- مردم شماری لینے والے افراد ایک سے زیادہ مرتبہ گھرانوں کے پاس جاسکتے ہیں۔ براہ کرم تعاون کریں اور ان کے سوالات کے جواب دیں۔ یہ درست گنتی کو یقینی بنانے کے لئے ہے۔

- اگر آپ انگریزی نہیں سمجھتے ہیں، اس کے باوجود بھی آپ مردم شماری کروا سکتے ہیں!
  - ٹیلیفون کوئسچنائر اسسٹنس (TQA) [سوالنامہ کے ضمن میں ٹیلیفون پر تعاون] سنٹر کو کال کریں، جو 25 فروری 2010 سے لے کر 30 جولائی 2010 تک کھلا رہے گا۔ فون نمبر 1-866-872-6868 ہے۔ ان کے پاس آپ کی زبان بولنے والے افراد بھی ہوسکتے ہیں۔
    - آپ یہ فارم ٹیلیفون پر بھی پُر کرسکتے ہیں اور مردم شماری سے متعلق نمائندہ کسی اضافی سوالات کا جواب دے سکتا ہے۔
    - آپ چینی، کوریائی، یتنامی، ہسپانوی، یا روسی زبان میں سوالنامہ کی کاغذی کاپی بھی طلب کرسکتے ہیں۔
    - آخری بات، اگر آپ کو مذکورہ بالا زبانوں کے علاوہ کسی اورزبان میں تعاون درکار ہے تو، آپ لینگویج اسسٹنس گائیڈ (لسانی تعاون کا رہنما) بھی طلب کرسکتے ہیں۔
  - اپنے مقامی مردم شماری دفتر کو کال کریں اور آپ کی زبان بولنے والے مردم شماری لینے والے فرد کو اپنے گھر پر آنے کو کہیں۔ ٹیلیفون نمبرز دستیاب ہوتے ہی فراہم کردیئے جائیں گے۔
- اگر آپ کو یقینی طور پر معلوم نہیں ہے کہ آپ کے گھر پر آنے والا شخص مردم شماری لینے والا فرد ہے، تو پھر
  - آپ ان سے وفاقی حکومت کی جانب سے جاری کردہ، "مردم شماری شمار کنندہ" کا بیج دکھانے کو کہیں۔ مردم شماری لینے والے افراد کے ساتھ کالے رنگ کا ایک تھیلا بھی ہوسکتا ہے جس پر نام، "مردم شماری 2010" جلی حروف میں چھپا ہوا ہوگا۔
  - اگر آپ کو پھر بھی تشویش ہے تو، آپ اپنے علاقائی مردم شماری مرکز کو یہ تصدیق کرنے کے لئے کال کرسکتے ہیں کہ یہ شخص امریکی مردم شماری بیورو کے ذریعہ بحال کردہ ہے۔
- اگر مردم شماری لینے والا فرد نامناسب انداز کا برتاؤ کرتا ہے یا آپ کی ذاتی معلومات کا افشاء کرتا ہے تو، فوراً AALDEF کو 212-966-5932 پر کال کریں۔ AALDEF متعدد ریاستوں میں مردم شماری بیورو کی سرگرمیوں پر نگاہ رکھے ہوا ہے۔ ہم مناسب سلوک یا ذاتی معلومات کے اشتراک کے کسی بھی واقعہ کی رپورٹ دیں گے۔ AALDEF کے وکلاء بھی آپ کی رازداری کا تحفظ کریں گے، خاص طور سے اگر آپ کے پاس امیگریشن کے کاغذات نہیں ہیں۔

اس قدر جوکھم کے باوجود بھی، ایشیائی امریکی برادری کی درست گنتی ضروری ہے!
مردم شماری میں شرکت کریں!

مزید تفصیلات کے لئے رابطہ کریں:
ایشین امریکن لیگل ڈیفنس اینڈ ایجوکیشن فنڈ (AALDEF)
99 Hudson Street, 12th Floor • New York, NY 10013
800.966.5946 • info@aaldef.org • www.aaldef.org

© 2009 AALDEF – Census Fact Sheet – Urdu